german cooperation
DEUTSCHE ZUSAMMENARBEIT

آگاہی
AGAHE
Association for Gender Awareness & Human Empowerment

WHH WELT HUNGER HILFE

مقامی سطح پر کوڑا کرکٹ اور نکاسی آب کے مناسب انتظام اور
ماحول دوست صاف پانی اور نکاسی کی سہولیات سے متعلق

# معلوماتی کتابچہ

برائے

## گاؤں کی مقامی تنظیم



سب کے لیے صاف پانی اور
صحت وصفائی کی سہولیات



موسمیاتی تبدیلی کے
خلاف اقدامات

صاف پانی، محفوظ لیٹرین اور صحت وصفائی کے نظام کو پائیدار بنانے کا منصوبہ

german cooperation
DEUTSCHE ZUSAMMENARBEIT

آگاہی
AGAHE
Association for Gender Awareness & Human Empowerment

WHH WELT HUNGER HILFE

# فہرست

| | |
|---|---|
| گاؤں کی مقامی تنظیم کی ذمہ داریاں | صفحہ نمبر 1 |
| گاؤں کی سطح پر کوڑا کرکٹ کا مناسب انتظام | صفحہ نمبر 2 |
| مقامی سطح پر محفوظ نکاسی آب کو یقینی بنانا | صفحہ نمبر 4 |
| پینے کے صاف پانی اور نکاسی آب کے نظام پر موسمیاتی تبدیلی کے اثرات | صفحہ نمبر 7 |
| موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کو کم کرنے میں کمیونٹی کا کردار | صفحہ نمبر 10 |

german cooperation
DEUTSCHE ZUSAMMENARBEIT

آگاہی
AGAHE
Association for Gender Awareness & Human Empowerment

WELT HUNGER HILFE
WHH

# گاؤں کی مقامی تنظیم کی ذمہ داریاں



گاؤں میں پینے کے صاف پانی کا انتظام کرنا



صاف پانی اور صحت وصفائی سے متعلقہ پیغامات کی تشہیر کرنا



مختص کی گئی جگہ پر کوڑا کرکٹ کو مناسب طریقے سے ٹھکانے لگانا



کھلے عام انسانی فضلے سے پاک ماحول کو برقرار رکھنا



گاؤں میں صاف پانی، لیٹرین اور نکاسی آب کی سہولیات کی مرمت اور مناسب دیکھ بھال کرنا



گاؤں میں لیٹرین کے باقاعدہ استعمال کو یقینی بنانا



گاؤں میں صفائی ستھرائی کا مناسب انتظام کرنا



صاف پانی اور صحت وصفائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ رابطہ سازی کرنا

# گھریلو سطح پر کوڑا کرکٹ کی اقسام



باورچی خانے سے پیدا ہونے والی گلنے سڑنے والی اشیاء مثلاً بچا ہوا کھانا، سبزیوں کے چھلکے وغیرہ۔



ایسی اشیاء جنہیں ضرورت کے تحت کسی بھی مقصد کے لیے دوبارہ استعمال میں لایا جاسکتا ہے مثلاً پلاسٹک اور کانچ کی بوتلیں، ٹین کے ڈبے وغیرہ۔




ایسی اشیاء جنہیں ری سائیکل کیا جاسکتا ہے مثلاً پلاسٹک، کانچ، لوہا، کاغذ وغیرہ۔



ایسی اشیاء جنہیں نا تو دوبارہ استعمال کیا جاسکتا ہے اور نہ ہی ری سائیکل مثلاً پرانے شاپر، کپڑے کے ٹکڑے وغیرہ۔

# کوڑا کرکٹ کا مناسب انتظام



زیادہ ترجیح

1. فضلے کی پیداوار میں کمی
2. اشیاء کا دوبارہ استعمال
3. اشیاء کو ری سائیکل کرنا
4. اشیاء سے کھاد بنانا یا توانائی پیدا کرنا
5. اشیاء کو کوڑے میں پھینک دینا

کم ترجیح

# کوڑا کرکٹ کا مناسب انتظام




1 کوڑا کرکٹ کے مناسب انتظام کے لیے ضروری ہے کہ گھریلو سطح پر کوڑا کرکٹ کی پیداوار کو کم کیا جائے اور جو اشیاء دوبارہ استعمال میں لائی جاسکتی ہیں انہیں دوبارہ استعمال کیا جائے مثلاً بوتلیں، ڈبے وغیرہ۔

2 ایسی اشیاء جنھیں ری سائیکل کیا جاسکتا ہے انہیں اپنے کوڑے سے الگ کرلیں۔ مثلاً، پلاسٹک، کانچ، کاغذ، لوہا وغیرہ

3 گھریلو سطح پر اپنے کوڑا کرکٹ کو تین حصوں میں تقسیم کریں۔

- گلنے سڑنے والی اشیاء کو الگ کوڑے دان میں ڈالیں۔ ان اشیاء سے کھاد بنائی جاسکتی ہے۔
- ری سائیکل کی جاسکنے والی اشیاء کو الگ کوڑے دان میں ڈالیں۔
- ایسی اشیاء جنھیں نہ تو دوبارہ استعمال کیا جاسکتا ہے، نہ ہی ان سے کھاد بنائی جاسکتی ہے اور نہ ہی انہیں ری سائیکل کیا جاسکتا ہے انہیں الگ کوڑے دان میں ڈالیں۔

german cooperation
DEUTSCHE ZUSAMMENARBEIT

AGAHE
Association for Gender Awareness & Human Empowerment

WELT HUNGER HILFE
WHH

4 اپنے گاؤں میں کوڑا کو اکٹھا کرنے کے لیے آبادی کے اندر چند جگہیں مختص کر دیں یا کوڑا دان لگا دیں جہاں گلی کے تمام گھر اپنا کوڑا با آسانی رکھ سکیں۔

5 اس کے بعد آبادی سے فاصلے پر ایک ایسی جگہ کا انتخاب کریں جہاں یہ سارا کوڑا اکٹھا کر کے رکھا جا سکے۔

6 ہر دو سے تین روز کو بعد ایک بیل گاڑی کو استعمال کر کے علاقے کے اندر سے کوڑا اکٹھا کیا جائے اور اس کو علاقے سے باہر مختص جگہ پر رکھا جائے۔

7 فضلے کے مناسب انتظام کے لیے لوکل گورمنٹ کو ساتھ رابطہ سازی بھی ضروری ہے۔ اپنے یونین کونسل سیکٹری کو آگاہ کریں اور مختص جگہ سے کوڑا اکٹھا کروانے کی درخواست دیں۔

## مقامی سطح پر محفوظ نکاسی آب کو یقینی بنانا




کھلے میں رفع حاجت کو ختم کریں



اپنے گھروں میں اپنے وسائل کے متابق لیٹرین تعمیر کروائیں



لیٹرین کی صفائی ستھرائی کا خیال رکھیں




گھروں استعمال شدہ پانی کی نکاسی کا مناسب انتظام کریں



محفوظ نکاسی آب کی اہمیت اور پیغامات کی تشہیر کریں


## اگر گاؤں میں سیوریج کا نظام ہے

اگر علاقے میں سیوریج کا نظام موجود ہے تو لیٹرین سے خارج ہونے والے آلودہ پانی کو زیر زمین سیوریج کے پائپ سے ملایا جا سکتا ہے۔




## اگر گاؤں میں صرف نالیاں موجود ہیں


اگر علاقے میں سیوریج کا نظام موجود نہیں ہے اور صرف نالیاں موجود ہیں تو لیٹرین کے ساتھ Septic Tank یا پکا گٹر بنانا ضروری ہے تاکہ ٹھوس فضلہ نالی میں داخل نہ ہو اور جراثیم کا پھیلاؤ کم ہو۔




complaints@agahe.org.pk / +92 332 3030022 برائے تجاویز و شکایات

# اگر گاؤں کوئی نکاسی کا نظام موجود نہیں ہے

اگر گاؤں میں کوئی نکاسی کا نظام موجود نہیں ہے تو صرف پکا گٹر بنا کر پانی کو خارج نہیں کیا جا سکتا کیونکہ یہ پانی گلیوں اور میدانوں میں جمع ہو کر مختلف بیماروں کا سبب بن سکتا ہے۔





ایسی صورت میں پکے گٹر کے آگے ایک جزبی گڑھا بنانا ضروری ہے جس میں بجری اور ریت کی ایک پرت بچھا دی جاتی ہے۔ پکے گٹر سے خارج ہونے والا پانی جزبی گڑھے کے ذریعے صاف ہو کر زمین میں جزب ہو جاتا ہے۔

german cooperation
DEUTSCHE ZUSAMMENARBEIT

آگاہی
AGAHE
Association for Gender Awareness & Human Empowerment

WHH WELT HUNGER HILFE

# پینے کے صاف پانی اور نکاسی آب کے نظام پر موسمیاتی تبدیلی کے اثرات



ماحولیاتی تبدیلی قدرتی آفات جیسا کہ زیادہ بارش اور سیلاب وغیرہ کا سبب بنتی ہیں۔

یہ قدرتی آفات ہمارے صاف پانی اور نکاسی آب کے نظام کو بھی نقصان پہنچاتی ہیں

اگر ان سہولیات میں قدرتی آفات کو برداشت کرنے کی صلاحیت نہیں ہوگی تو یہ سہولیات ناقص ہو جائیں گی اور آفات کے پیش نظر یہ مزید بیماریاں پھیلنے کا سبب بن سکتا ہے۔


## بڑھتی بارشوں اور سیلاب کے اثرات



صاف پینے کے پانی کی دستیابی کا مسئلہ




زراعت سے کیمیائی آلودگی کا پھیلاؤ



صنعتی کیمیائی آلودگی کا پھیلاؤ



حفظان صحت کے نظام میں مشکلات



لیٹرین اور نکاسی سے متعلق حفاظتی اقدامات کا خطرہ



پانی کے وسائل کی بڑے پیمانے پر آلودگی


## کم بارش کے اثرات



سطح کے پانی میں بہاؤ میں کمی



زیر زمین پانی کی سطح میں کمی




درجہ حرارت کا بڑھنا



گھریلو ضروریات کے لیے پانی
کی دستیابی کا مسئلہ

## صاف پانی کی سہولیات کو ماحول دوست بنانا

### بارشوں اور سیلاب سے متاثر ہونے والے علاقوں میں



پانی حاصل کرنے کے ذرائع جیسا کہ نلکے اور موٹر پمپ کو ارد گرد سے پکا کر دیا جائے تا کہ کسی قسم کی آلودگی اس میں داخل نہ ہو۔




گاؤں اور گھروں میں لگائے جانے والے پانی کے نلکے اور موٹر مپم کو زمین کی سطح سے 3-2 فٹ اوپر لگایا جائے۔



پانی بھرنے والی جگہ کو صاف ستھرا رکھا جائے تا کہ زمینی پانی آلودہ نا ہو۔



سیلاب اور بارشوں کی مد میں پینے کے پانی کے ذرائع میں کلورین ملا کر اسے صاف کر لیا جائے۔

german cooperation
DEUTSCHE ZUSAMMENARBEIT

آگاہی
AGAHE
Association for Gender Awareness & Human Empowerment

WELT HUNGER HILFE
WHH

# صاف پانی کی سہولیات کو ماحول دوست بنانا

## کم بارش والے علاقوں میں



بارش کے پانی کو ذخیرہ کیا جائے اور ضروریات زندگی کے لیے استعمال کیا جائے۔




پانی استعمال کرتے وقت اس بات کا خاص خیال رکھا جائے کہ پانی ضائع نہ ہو



لیٹرین کے پانی کے علاوہ گھروں کے استعمال شدہ پانی کو زراعت کے لیے دوبارہ استعمال کیا جائے۔

# نکاسی کی سہولیات کو ماحول دوست بنانا

## بارشوں اور سیلاب سے متاثر ہونے والے علاقوں میں



لیٹرین کے گٹر کو پکا کیا جائے تاکہ آفات وغیرہ کی صورت میں یہ قابل استعمال رہے اور اس سے آلودگی پھیلنے کا خطرہ کم سے کم ہو۔




گھر میں بنائے جانے والی لیٹرین کو بھی زمین سے 3-2 فٹ اوپر بنایا جائے تاکہ اسے سیلاب کے پانی سے محفوظ رکھا جاسکے اور ایسی صورت حال میں لیٹرین قابل استعمال رہے۔

# نکاسی کی سہولیات کو ماحول دوست بنانا

## کم بارش والے علاقوں میں




ایسی لیٹرین کا استعمال کیا جائے جس میں فلش کے لیے کم پانی استعمال ہوتا ہے۔



لیٹرین کے فلش کے لیے استعمال شدہ پانی کو بروئے کار لایا جائے

# موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کو کم کرنے میں اپنا کردار ادا کریں




لیٹرین سے خارج ہونے والے پانی کو گلیوں میں نہ کھڑا ہونے دیں




گلی محلوں کو صاف ستھرا رکھیں اور کوڑا کرکٹ کا مناسب انتظام کریں



پانی بھرنے والی جگہ کو صاف ستھرا رکھیں




پانی اور نکاسی کی سہولیات کو قدرتی آفات برداشت کرنے کے قابل بنائیں



پانی کو ضائع ہونے سے بچائیں

german cooperation
DEUTSCHE ZUSAMMENARBEIT

آگاہی
AGAHE
Association for Gender Awareness & Human Empowerment

WELT HUNGER HILFE
WHH

اپنے علاقے کی مناسبت سے درختوں اور پودوں کا انتخاب کریں۔ مظفر گڑھ میں زمینی پانی میں آرسینک اور حل شدہ معدنیات زیادہ ہونے کی وجہ سے درج ذیل پودے سب سے زیادہ فائدہ مند ہیں۔


مورینگا (سوہانجنا)


املتاس


کھجور


ہلدی


شہتوت


آم


بیری


شیشم


سرسوں

## پینے کے پانی کی حفاظت


پانی حاصل کرنے کے ذرائع کے اطراف کو پکا کر دیا جائے


پانی بھرنے کی جگہ کو صاف ستھرا رکھا جائے



پانی بھرنے سے پہلے ہاتھوں کو صابن کے ساتھ دھویا جائے۔


پانی حاصل کرنے کے لیے صاف برتن کا استعمال کریں


پانی بھرنے کے بعد اس میں کلورین ملا کر ڈھک کر رکھیں


پانی نکالنے کے لیے کسی ڈول کا استعمال کریں

# Complaint Response Mechanism (CRM)

## شکایت درج کرنے کا طریقہ کار

ہم اپنے کام کی بہتری سے متعلق تمام آراء، اور لوگوں کو دی جانے والی امداد اور پراجیکٹ/ منصوبہ سے منسلک تمام افراد (خواہ ان کا تعلق ڈبلیو ایچ ایچ سے ہو یا آگاہی سے) کے رویے کے بارے میں شکایات کا خیر مقدم کرتے ہیں۔

آپ کے خیالات، آراء اور شکایات ہمارے لیے بہت اہم ہیں اور ان کو نہایت سنجیدگی سے لیا جاتا ہے۔ ہم اپنے پراجیکٹ/ منصوبہ کے تحت ہونے والی امداد کے مقررہ معیار، مقدار، مناسبت اور اس کی افادیت ضرورت کے مطابق تھی یا نہیں کے بارے میں آپ کی رائے اور اس کے ساتھ ساتھ منصوبہ سے وابستہ تمام افراد، ادارہ کے عملے، رضاکار اور ٹھیکداروں کے رویے سے متعلق آپ کی آراء اور شکایات کا خیر مقدم کرتے ہیں۔

شکایات یا رائے کو ہم تک پہنچانے کے لئے نیچے دیے گئے فون نمبر، ای میل اڈریس یا ڈاک کے پتہ پر ہم سے رابطہ کرنے میں ہچکچاہٹ محسوس نہ کریں۔ ہم ہر قسم کی رائے اور شکایات کو تسلیم کرتے ہیں۔ اگر آپ گمنام شکایات درج کرانا چاہیں تو آپ سے نام نہیں پوچھا جائے گا۔ لیکن شکایت کے متعلق آپ کو مکمل معلومات دینا ہوں گی۔

آگاہی اور ڈبلیو ایچ ایچ کے ملازمین فراہم کردہ امداد کے بدلے میں کسی رقم، سامان، تحائف یا کسی قسم کی کوئی خدمات نہیں مانگیں گے۔ ملازمین کسی کا جنسی استحصال، کسی کے کے ساتھ بد کلامی/ گالم گلوچ۔ جانبدارانہ رویہ اور ہراسگی نہیں کر سکتے اور نہ ہی کسی قسم کی بد عنوانی یا دھوکہ دہی کے مرتکب ہو سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ منشیات اور کسی قسم کا اسلحہ اپنے ساتھ نہیں رکھ سکتے جو کی سختی سے منع ہے۔ اگر کوئی ممنوعہ عمل کا مرتکب ہوتا ہے تو ہر حال میں اس کی اطلاع دینا ضروری ہے۔

اگر آپ شکایات درج کراتے ہیں تو فراہم کردہ امداد پر اس کے کوئی مضر اثرات نہیں ہوں گے۔ اور آپ کان صیغہ راز میں رکھا جائے گا۔

فراہم کردہ امداد کے بارے میں کسی قسم کی شکایت یا تجویز دینے کے لیے پہلے آپ آگاہی سے درج ذیل نمبر، ای میل یا ڈاک کا پتہ پر رابطہ کریں۔

اگر آپ شکایات درج کراتے ہیں تو فراہم کردہ امداد پر اس کے کوئی مضر اثرات نہیں ہوں گے۔ اور آپ کان صیغہ راز میں رکھا جائے گا۔


### AGAHE آگاہی

شکایت نمبر : +92 332 3030022

ای میل : complaints@agahe.org.pk

پتہ : ہاوس نمبر 3، بلاک A، جوڈیشل کالونی فیز II، رائیونڈ روڈ، لاہور

### Welthungerhilfe (WHH) ڈبلیو ایچ ایچ

شکایت نمبر : +92 300 0501307

ای میل : pak.transparency@welthungerhilfe.de

پتہ : کوسیبٹ بلڈنگ، فرسٹ فلور، پلاٹ نمبر 9، شاہراہ جمہوریت G-5، اسلام آباد

german cooperation
DEUTSCHE ZUSAMMENARBEIT

AGAHE
Association for Gender Awareness & Human Empowerment

WELT HUNGER HILFE
WHH
For a world without hunger

# Clean water & Sanitation for All

6



13

# Climate Action

صاف پانی، محفوظ لیٹرین اور صحت وصفائی کے نظام کو پائیدار بنانے کا منصوبہ


**House No. 3, Block A, Judicial Colony,**
**Phase II, Raiwand Road, Lahore**

**Phone: 042-35957916 | Email: info@agahe.org.pk**